صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 16 جون 2017ء بمطابق 20 رمضان المبارک 1438 ہجری بعد از دوپہر دو بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَـٰٓئِكَتَهُۥ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِىِّ ۚ يَـٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا۟ صَلُّوا۟ عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا۟ تَسْلِيمًا O إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُۥ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِى الدُّنْيَا وَالْأَخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِينًا O وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَـٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوا۟ فَقَدِ احْتَمَلُوا۟ بُهْتَـٰنًا وَإِثْمًا مُّبِينًا O يَـٰٓأَيُّهَا النَّبِىُّ قُل لِّأَزْوَٰجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِينَ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِن جَلَـٰبِيبِهِنَّ ۚ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰٓ أَن يُعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَّحِيمًا۔

(ترجمہ): خدا اور اس کے فرشتے پیغمبر پر درود بھیجتے ہیں۔ مومنو تم بھی ان پر دُرود اور سلام بھیجا کرو جو لوگ خدا اور اس کے پیغمبر کو رنج پہنچاتے ہیں ان پر خدا دنیا اور آخرت میں لعنت کرتا ہے اور ان کیلئے اس نے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے اور جو لوگ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ایسے کام (کی تہمت سے) جو انہوں نے نہ کیا ہو ایذا دیں تو انہوں نے بہتان اور صریح گناہ کا بوجھ اپنے سر پر رکھا، اے پیغمبر اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ دو کہ (باہر نکلا کریں تو) اپنے (مونہوں) پر چادر لٹکا (کر گھونگھٹ نکال) لیا کریں۔ یہ امر ان کیلئے موجب شناخت (و امتیاز) ہو گا تو کوئی ان کو ایذا نہ دے گا۔ اور خدا بخشنے والا مہربان ہے تاکہ وہ پہچان لی جائیں اور نہ ستائی جائیں۔ اللہ غفور و رحیم ہے۔ و آخِرُ الدَعۡوانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَـٰلَمِینَ۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی درخواستیں ہیں: الحاج ابرار حسین 16 جون، سردار ظہور احمد، الحاج صالح محمد خان، عبدالکریم صاحب، محمد شیراز خان، فضل حکیم خان، اعظم درانی۔ منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: یہ ایجنڈا آئٹم نمبر 6 لیتے ہیں کیونکہ اس میں Overall، تو مسٹر سردار حسین بابک اینڈ مسٹر اعزازالملک افکاری، آئٹم نمبر 6۔

جناب سردار حسین: شکریہ، سپیکر صاحب۔ میرا خیال ہے کہ پہلے تو وہ Leave کیلئے میں موو کروں گا۔

جناب سپیکر: جی۔

غیر سرکاری مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا پرائیویٹ سکولز ریگولیٹری اتھارٹی مجریہ 2017 کو ایوان میں پیش کرنے کیلئے اجازت کا طلب کیا جانا

Mr. Sardar Hussain: Mr. Speaker, I wish to move for leave under rule 77 of Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Private Schools Regularity Authority (Amendment) Bill, 2017, in the House.

Mr. Speaker: The motion before the House is that leave may be granted to introduce before the House, the Khyber Pakhtunkhwa, Private Schools Regularity Authority (Amendment) Bill, 2017? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Leave is granted. Item No. 7.

Mr. Sardar Hussain: Thank you, Mr. Speaker. I wish to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Private Schools Regularity Authority (Amendment) Bill, 2017, in the House.

جناب سپیکر: اعزازالملک افکاری، بس یہ کافی ہے؟

جناب اعزازالملک: جی۔

Mr. Speaker: Okay. It stands introduced. Item No. 8 and 9: Sardar Hussain.

غیر سرکاری مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا پرائیویٹ سکولز ریگولیٹری اتھارٹی مجریہ 2017 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Sardar Hussain: Thank you, Mr. Speaker. I wish to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Private Schools Regularity Authority (Amendment) Bill, 2017 may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Private Schools Regularity Authority (Amendment) Bill, 2017 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Clauses 1 to 6 of the Bill, since no amendment has been proposed by any honourable Member in Clauses 1 to 6 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 6 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 6 stand part of the Bill. Long Title and Preamble also stand part of the Bill.

غیر سرکاری مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا پرائیویٹ سکولز ریگولیٹری اتھارٹی مجریہ 2017 کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Mr. Sardar Hussain Babak and Aizazul Mulk Afkari.

Mr. Sardar Hussain: Mr. Speaker, I wish to move that the Khyber Pakhtunkhwa Private Schools Regularity Authority (Amendment) Bill, 2017 may be passed.

جناب سپیکر: اعزازالملک صاحب، آپ بھی۔۔۔

جناب اعزازالملک: جی، بس ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: چلو ٹھیک ہے۔

جناب اعزازالملک: جی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Private Schools Regularity Authority (Amendment)

Bill, 2017 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

ضمنی مطالبات زر برائے مالی سال 2016-17 پر عمومی بحث اور رائے شماری

جناب سپیکر: اچھا جی، ڈیمانڈ نمبر 11، آج ہمارے دو معزز ایم این ایز صاحبان، علی محمد خان اور عاقب اللہ خان یہاں تشریف فرما ہیں، میں ان کو ویلکم کہتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: آنریبل منسٹر فار لاء۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون، پارلیمانی امور و انسانی حقوق): جناب سپیکر صاحب! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 57 کروڑ 43 لاکھ 97 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2017 کو ختم ہونے والے سال کے دوران عدل و انصاف کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 57 crore 43 lac 97 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2017, in respect of Administration of Justice.

Cut motions on Demand No. 11: Mr. Mehmood Khan, lapsed. Since all the cut motions on Demand No. 11 has been withdrawn, therefore, the question before the House is that a sum not exceeding Rs. 57 crore 43 lac 97 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2017, in respect of Administration of Justice? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 12: Special Assistant to honourable Chief Minister for Higher Education.

جناب مشتاق احمد غنی (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): میں ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 160 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کو ادا کرنے کیلئے دی جائے جو کہ

30 جون 2017 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران اعلیٰ تعلیم و دستاویزات کتب خانہ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

<u>Mr. Speaker</u>: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 160 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2017, in respect of Higher Education, Archives and Libraries.

Cut motions on Demand No.12: Madam Amna Sardar, lapsed. Mian Zia ur Rehman Sahib.

<u>میاں ضیاء الرحمان</u>: جناب سپیکر صاحب! میں دس روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

<u>Mr. Speaker</u>: Sardar Aurangzeb Nalotha, lapsed. Syed Jafar Shah Sahib, Mr. Fakhr e Azam Wazir, Mr. Shiraz Khan, Mr. Sardar Hussain Babak Okay, Fakhr e Azam Sahib, please.

<u>جناب فخر اعظم وزیر</u>: سر! میں اپنی تحریک واپس لیتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: سردار حسین بابک۔

<u>جناب سردار حسین</u>: میں پانچ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی ضیاء الرحمان صاحب۔

<u>میاں ضیاء الرحمان</u>: بہت شکریہ، سپیکر صاحب۔ میں بھی یقیناً اپنی کٹوتی کی تحریک واپس لوں گا، مشتاق غنی صاحب ہمارے بڑے بھائی بھی ہیں، ہمارے عزیز ہیں، مہربان ہیں لیکن ایک دو مسئلے ہیں جو بخوبی ان کے علم میں ہیں۔ ایک تو سپیکر صاحب! میں اس معزز ایوان کے علم میں لانا چاہتا ہوں کہ ہمارا گرلز ڈگری کالج بالاکوٹ، یہ تقریباً 'ایرا' کے زیر اہتمام، ایرا/پیرا کے زیر اہتمام اس کی کنسٹرکشن ہوئی تھی اور سپیکر صاحب! تقریباً 2013 سے، یعنی ہماری اس اسمبلی اور ہمارے الیکشن سے پہلے یہ گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج بالاکوٹ جو ہے اس کی بلڈنگ تیار ہو گئی تھی اور تقریباً جون یا جولائی 2014 میں باضابطہ طور پر میں نے اس کا افتتاح بھی کیا تھا لیکن آج تک اس کی کلاسز کا اجراء نہیں ہو سکا، اس کی ایس این ای منظور نہیں ہو سکی، اس کا سٹاف جو ہے وہ تعینات نہیں ہو سکا اور جس کا سب سے بڑا نقصان اور بہت بڑی ایک دقت ہے۔ سپیکر صاحب! ہمارا بہت پسماندہ علاقہ ہے اور ہر آدمی یہ Afford نہیں کر سکتا ہے کہ اپنی بچیوں کو مانسہرہ یا ایبٹ آباد میں پڑھا سکے۔ بعض لوگوں کو تو اللہ نے استطاعت دی ہوئی ہے، اسلام آباد میں بھی اپنی بچیوں کو وہ تعلیم دلا رہے ہیں، بچوں کو دلا رہے ہیں لیکن چونکہ زیادہ تر ہمارا علاقہ پسماندہ ہے اور

بچیوں کو اس معاملے میں انتہائی دقت کا سامنا ہے، بہت زیادہ مشکلات کا سامنا ہے اور تقریباً تین سال ہو گئے ہیں کہ یہ بلڈنگ محکمے کو 'ہینڈ اوور' ہو چکی ہے، سارا کام ہو چکا ہے، بہت بہترین بلڈنگ بنی ہوئی ہے، تو میں سپیکر صاحب! آپ کی وساطت سے، اس معزز ایوان کی وساطت سے منسٹر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ چلیں تین سال تو ہماری بچیوں کے ضائع ہو گئے لیکن ابھی کافی ٹائم ہے نئے سیشن میں، تو اگر مہربانی کر کے اس سیشن سے پہلے پہلے سٹاف کی اگر وہاں پر منظوری ہو جاتی ہے تو جو بچیوں کو اتنی بڑی تکلیف ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

میاں ضیاء الرحمان: سر! میں نے ایک بات اور کرنی ہے۔

جناب سپیکر: جی جی۔

میاں ضیاء الرحمان: بس مختصر کروں گا، تو منسٹر صاحب خصوصی دلچسپی لیکر ہمارا یہ وہاں پر ایس این ای کا مسئلہ حل کروادیں تاکہ وہاں نئے سال، میرے خیال میں یکم ستمبر سے کلاسز کا اجراء ہوتا ہے تو وہاں پر کلاسز لگ جائیں، بس میری یہ درخواست ہے۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریہ، سپیکر صاحب۔ منسٹر صاحب موجود ہیں، ہائیر ایجوکیشن ویسے بھی، سارے ایجوکیشن کا جو سبجیکٹ ہے، جو ڈیپارٹمنٹ ہے، وہ انتہائی اہم ہے اور پھر ہمارا صوبہ جو ماضی میں جہاد کا ٹارگٹ رہا، ایجوکیشن ٹارگٹ رہی، تعلیمی ادارے ٹارگٹ رہے، یہاں پر Out of the Education Institutes خواہ وہ سکولز ہوں، خواہ وہ ہائیر ایجوکیشن ہو، اس میں ہمارے ایجوکیشن کا Ratio انتہائی کم ہے اور انتہائی افسوسناک بھی ہے اور پھر Drop out کا جو Ratio ہے، وہ بھی یہاں بدقسمتی سے بہت زیادہ ہے، Drop out کا جو Ratio ہے، وہ بہت زیادہ ہے اور وہ Accessibility نہ ہونے سے ہے، یعنی مواقع نہ ہونے سے ہے اور ظاہر ہے ہر حکومت کی یہ کوشش ضرور رہتی ہے کہ Accessibility وہ Provide کرے، بعض لوگ اپنی سیاسی تقریروں میں ضرور کہتے ہیں کہ بلڈنگ بنانا یہ بڑا کام نہیں ہوتا، ظاہر ہے کہ تمام سیاسی جماعتوں کی اپنی ایک 'اپروچ' ضرور ہوتی ہے، ہم نے اپنے نامساعد حالات کے باوجود، جب ہم نامساعد کہتے ہیں تو انسانی اور قدرتی آفات دونوں اس میں آتی ہیں، مجھے یاد پڑتا ہے کہ صرف 17 بلین روپیہ اس وقت ہمیں سیلابوں میں دینا پڑا، Compensation میں دینا پڑا لیکن اس

کے باوجود ہم نے اس صوبے میں نو یونیورسٹیاں بنائی ہیں اور یہ کوئی مانے یا کوئی نہ مانے، سٹاف اور اس میں کافی حد تک ہم کمی لائے۔ ہائیر ایجوکیشن کے Ratio میں ہم نے اضافہ کیا، ظاہر ہے ہم نے Accessibility دی۔ سپیکر صاحب! آپ کو یاد ہے صوابی میں یونیورسٹی نہیں تھی، صوابی میں ہم یونیورسٹی Launch کر چکے ہیں، ہری پور میں یونیورسٹی نہیں تھی، اسی طرح سوات میں، کرک میں یہاں کے لوگ بیٹھے ہیں، اسی طرح ہم نے کیمپسز بنائے، چترال میں ہم نے کیمپس بنایا، بونیر میں ہم نے کیمپس بنایا، اسی طرح بہت سارے علاقوں میں ہم نے کیمپسز بنائے اور ظاہر ہے یہی کچھ ہو سکتا تھا اور وہ ہم نے اپنے عوام کی خدمت کی سنجیدہ اور عملی کوشش ضرور کی۔ منسٹر صاحب اگر بتانا پسند کریں، ہم نے تبدیلی کا نعرہ نہیں لگایا، آپ لوگوں نے تبدیلی کا نعرہ لگایا ہے، لوگوں نے آپ کو ووٹ دیئے ہیں، ایجوکیشن میں Accessibility کی Provision میں، ہائیر ایجوکیشن کا Ratio بڑھانے میں اے این پی کی جو Contribution ہے، میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ تحریک انصاف کی حکومت کس طرح Compare کرے گی اے این پی کے دور حکومت کے ساتھ؟ یہ ایک پوائنٹ اگر وہ نوٹ کر لیں۔ دوسری بات، سپیکر صاحب! ہمارے کالجز میں چونکہ اپوائنٹمنٹ جو وہاں ہوتی ہے، وہ پبلک سروس کمیشن کرتا ہے اور یہ جو پراسیس ہے، بڑا Lengthy ہے، وہ بڑا Lengthy ہے تو میری تو یہی رائے ہو گی کہ جس طرح ہم نے سکولوں میں پی ٹی سی بنائے ہیں، ہم نے اپنے دور حکومت میں ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولوں میں بورڈ آف گورنرز بنائے تھے اور ان کو اختیار دیا تھا، مالی اختیار دیا تھا تو اگر ممکن ہو سکے تو کالجز کی سطح پر اگر ہم بورڈ آف گورنرز بنائیں، ان کو مالی اختیارات دے دیں اور انہی قریبی علاقوں میں کوالیفائیڈ ٹیچرز اگر ہوں، وہ اکیڈمک سیشن وائز اگر ان کو بھرتی کریں تو میرے خیال میں یہ جو اساتذہ کی کمی ہے، وہ پوری ہو گی، پورے سیشن کیلئے اور ساتھ ہی ساتھ طلباء اور طالبات کا جو قیمتی وقت ہے، وہ بھی ضائع نہیں ہو گا۔ تیسرا جو میرا پوائنٹ ہے، منسٹر صاحب اگر نوٹ فرمائیں کہ جو ہمارا بی ایس پروگرام ہے، ابھی تک کتنے کالجوں میں ہم نے شروع کیا ہے اور کتنے کالجز ابھی باقی رہتے ہیں اور حکومت کی پلاننگ کیا ہے؟ چونکہ اس پروگرام سے ہم دیکھ رہے ہیں کہ پوسٹ گریجویشن تک، پوسٹ گریجویشن تک جو ہمارے سٹوڈنٹس ہیں، وہ مستفید ہو رہے ہیں، تو میرے یہ تین پوائنٹس تھے، اس پر اگر منسٹر صاحب اظہار خیال کریں۔

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ میاں ضیاء الرحمان اور سردار بابک صاحب نے جو پوائنٹس Raise کئے ہیں، میاں صاحب نے بالا کوٹ کالج کی بات کی ہے، ایرا' نے یہ کالج بنایا تھا اور اب یہ ہمیں Hand over ہوا ہے اور اس کی ایس این ای جو ہے کچھ کالجز کی دسمبر میں ہو گئی تھی اور ان کی کلاسز اب سے سٹارٹ ہونی ہیں، سیشن اب سٹارٹ ہونا ہے اور کچھ ہمارے ابھی تک پینڈنگ چل رہے ہیں، وہ میں چیک کرلوں گا کہ اس کالج کی ایس این ای اگر ایشو نہیں ہے تو کلاسز سٹارٹ ہو جائیں گی، فنانس ڈیپارٹمنٹ نے ہمارے ساتھ Commit کیا ہوا ہے، وہ ہمیں دے دیں گے، اس کا کوئی ایشو نہیں ہے۔ بابک صاحب نے جو بات کی ہے جناب سپیکر، I am proud to say کہ ہمارے دور میں اللہ کے فضل سے جہاں ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے اندر دوررس انقلابی اقدامات اٹھائے گئے ہیں، اسی طرح ہائیر ایجوکیشن کو بھی فراموش نہیں کیا گیا اور اس میں بھی بے پناہ کام کیا گیا ہے، آپ ہماری کمٹمنٹ کا اندازہ اس بات سے لگا سکتے ہیں کہ ہم نے چارسدہ، مردان میں ویمن یونیورسٹیز بنائیں، چترال میں ہم نے یونیورسٹی سٹارٹ کر دی، بونیر میں ہم نے یونیورسٹی سٹارٹ کر دی، نوشہرہ میں پاکستان کی پہلی ٹیکنیکل یونیورسٹی جو ہے وہ ہم نے سٹارٹ کی اور ایبٹ آباد میں، ایبٹ آباد یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ہم نے سٹارٹ کی، نہ صرف یہ کہ ہم نے یونیورسٹیز سٹارٹ کیں بلکہ ساتھ ہی ان کے انفراسٹرکچر کیلئے ہم بھرپور توجہ دے رہے ہیں اور ہم سے پہلے جو یونیورسٹیاں بنائی گئی تھیں، آپ کو حیرت ہو گی بعض جگہوں پر دیکھ کر کہ سکولوں کی چھوٹی چھوٹی عمارات کے اندر وہ یونیورسٹیاں بنائی گئی تھیں، ہماری گورنمنٹ نے آکر ان کیلئے انفراسٹرکچر کا سوچا اور آج آپ دیکھ لیں، صوابی یونیورسٹی جو ہے موٹروے کے اوپر بن رہی ہے، بہت ہی عالیشان کیمپس ہے، ہماری کرک کی یونیورسٹی جو ہے، وہ ابھی زمین کا اس کا ایشو تھا، وہ بھی حل ہو گیا اور فائنل سٹیجز پر ہے اور باقی یونیورسٹیز بھی، سوات یونیورسٹی پر بڑا تیزی سے کام جاری ہے اور اسی طرح چار جگہوں پر ہم کیمپسز بنا رہے ہیں یونیورسٹیز کے، یعنی ہمارا جو پروگرام ہے، وہ یہ ہے کہ ہم ہائیر ایجوکیشن کو We want to make it more accessible to the people living in a broad areas. تاکہ تعلیم ہر ایک کا حق ہے اور دوری کی وجہ سے ہائیر ایجوکیشن کسی سے نہ رہ جائے، تو ہم یونیورسٹی بھی Door step پر لیکر جا رہے ہیں اور کیمپسز بھی لیکر جا رہے ہیں And I am grateful to Higher Education Commission.، وہ بھی ہمارے ساتھ اس میں تعاون کرتا ہے اور ہم مل کر اس کام کو آگے بڑھا رہے

ہیں۔ کالجز کا جہاں تک تعلق ہے، جب ہم آئے تھے تو کوئی 180 کے قریب کالجز تھے اور تیس کے قریب مینجمنٹ سائنسز کالجز تھے لیکن آج ابھی اس وقت بیس نئے کالجز Add ہو چکے ہیں اور پچاس کے قریب جو ہے ان پر کنسٹرکشن جو ہے، کسی پر 40 پرسنٹ ہو گئی ہے، کسی پر 30 پرسنٹ ہو گئی ہے اور اس سال کی اے ڈی پی میں بھی، اور میں سمجھتا ہوں کہ By the next year جب یہ سب Complete ہو جائیں گے تو ہمارے کالجز کی تعداد جو ہے سوا تین سو، ساڑھے تین سو کے لگ بھگ ہو جائے گی Which is a big record in the history of this Province کہ ہم نے، (تالیاں) ہم ہر شعبہ ہائے حیات میں ہم آگے بڑھے ہیں، ہم نے بائیو میٹرک اپنے کالجز میں Introduce کر دیا گو کہ ہمیں As usual resistance آئی تھی، جیسے ڈاکٹرز کی طرف سے آرہی ہے، ہمیں بھی آرہی ہے لیکن ہم نے اس پر کوئی 'کمپرومائز' نہیں کیا۔ اسی طرح جناب سپیکر! ہم نے اپنے دور میں ہائیر ایجوکیشن کے اندر اس سے پہلے کوئی ٹریننگ کا رواج ہی نہیں تھا، ہمارے پروفیسرز، لیکچررز پبلک سروس کمیشن سے Appoint ہوئے اور چل سو چل آگے کالجز میں چاک پکڑ کر چلے جاتے تھے، ہم نے ہائیر ایجوکیشن ٹریننگ اکیڈمی قائم کی پہلی دفعہ In the history of this Province اور ہم نے لیکچررز، پروفیسرز کی ٹریننگ کو ان کی پروموشن کے ساتھ Mandatory کر دیا۔ اب جو لیکچررز ہمارے پاس نئے آتے ہیں، پہلے ہم ان کو اکیڈمی میں Train کرتے ہیں For certain period then ہم ان کو کالجز میں بھیجتے ہیں، تو اس طرح وہ بھی ایک ٹریننگ کا ایک بہت اچھا سلسلہ شروع ہو گیا ہے۔ ہم نے تین اضلاع میں اور لائبریریز بنا دیں اور چار میں مزید بنا رہے ہیں جس کے ساتھ آڈیٹوریم بھی ہوتا ہے تاکہ لوگوں کی جو کتاب دوستی ہے، یہ بھی ہائیر ایجوکیشن ہی کی Responsibility میں آتی ہے۔ اس کے علاوہ جناب سپیکر! ہم نے آسٹریا گورنمنٹ کے تعاون سے، یہ دنیا کی یونیک ماڈل آف یونیورسٹی ہے ہری پور میں، جسے PAF-IAST Fachhochschule کہتے ہیں، یہ ذرا Technical Based Education کی ہے، Applied Sciences Four universities of Austria has signed an MoU with our university in Haripur. اور اس کے وہ Strongest discipline of those four universities ہم اپنے ہری پور میں لا رہے ہیں، انہی کے پروفیسرز ان کو پڑھائیں گے، ہمارے پروفیسرز کو بھی وہاں پر وہ Train کریں گے، آن لائن بھی ہوں گے اور سکائپ پر بھی لیکچر ہوں گے اور سٹوڈنٹس کی فیکلٹی کی سلیکشن بھی آسٹرین کریں گے اور ڈگری بھی آسٹریا کی چار یونیورسٹیاں

دیں گی اور میں سمجھتا ہوں یہ اتنا بڑا کام ہماری حکومت نے کیا ہے کہ Job oriented چیزیں ہیں، جرمنی، آسٹریا، سوئیزرلینڈ، نہ وہاں نیچرل ریسورسز ہیں، نہ کوئی اور چیز ہے، وہ ملک کیسے ترقی کر گئے؟ جب ہم نے سٹڈی کیا تو وہ سارا Base ان کی ٹیکنالوجی پر Applied Sciences کے اوپر ہے، تو یہ سٹوڈنٹس جب یونیورسٹیوں میں ہوتے ہیں تو ان کو کارخانے دار ان کی ڈگری لینے سے پہلے ہی ان کی سروسز کو Hire کر لیتے ہیں، تو ہم وہ ماڈل اپنے صوبے میں لائے ہیں اور ان شاء اللہ جب یہ Full fledged چیز ہو جائے گی ہری پور میں، ان کو ہم Same replicate کریں گے Other universities in the Province، کیونکہ آسٹرین تھوڑا گھبراتے تھے، ہمارا خیال تھا ہم باقی صوبے میں بھی ان کو لیکر آئیں لیکن اس وقت جب ہمارے ان کے ساتھ MoUs اور ایگریمنٹس ہو رہے تھے، سیکورٹی کے اتنے اچھے حالات نہیں تھے، آج اللہ کا شکر ہے بہت ہی فرق ہے لیکن اب چونکہ وہاں پر یہ ہو گیا تو وہاں سے یہ کورسز پورے صوبے میں آئیں گے اور میں یہ Believe کرتا ہوں کہ After five six, seven years. ان شاء اللہ بے روزگاری کے خاتمے میں ہماری یہ یونیورسٹیاں اور یہ کورسز بڑا کلیدی Role play کریں گے۔ بابک صاحب نے ایک بات کی طرف اشارہ کیا، کالجز کے بورڈ آف گورنرز کے بارے میں، ہمارا ماڈل بالکل تیار ہو چکا ہے، جلد ہی ہم چیف منسٹر صاحب کو وہ For final approval پیش کر رہے ہیں، اس میں ہم نے تمام کالجز کو اٹانومی تجویز کر دی ہے، اس کے اندر ان کو فنانشل اختیارات بھی ہوں گے، ان کو ایڈمنسٹریٹیو اختیارات بھی ہوں گے اور چھوٹے چھوٹے کاموں کیلئے ان کو سیکرٹیریٹ اور ڈائیریکٹریٹ کے چکر نہیں لگانا پڑیں گے۔ اس سے میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے کالجز کا معیار تعلیم، جو لوکل ان کا BoG بنے گا یا کالج کونسل، تاہم BoG سے لوگوں کو بہت زیادہ پرابلمز ہوتے ہیں، یہ لفظ ہم کالجوں میں Use نہیں کر رہے ہیں، ہم کالج کونسل لفظ Use کر رہے ہیں، چیز وہی ہے کہ کوئی پرائیویٹ بندہ اس کو ہیڈ کریگا And College Principal will be the Secretary and other people will be the members of that forum. وہ خود اپنے Decisions کریں گے اور اس سے یہ سسٹم بڑھے گا، I am thankful to Chief Minister Sahib، انہوں نے ہمیں Performance grant بھی دے دی کالجز کی، پچھلے سال کے ریزلٹ میں ہماری دو سو پندرہ پوزیشنز آئی ہیں، بورڈ اور یونیورسٹیز کے ایگزامینیشن کے اندر 'ٹاپ ٹوینٹی' کے اندر دو سو پندرہ، یہ بھی ریکارڈ ہے In the best performance of Higher

Education. خاص طور پر دونوں کی، ہمارے روایتی کالجوں کی بھی اور ہمارے جو مینجمنٹ سائنس، کامرس کالجز جن کو ہم کہتے ہیں، چونکہ پہلے یہ ہمارے ساتھ نہیں تھے، ایک دو سال سے ہمارے پاس آئے ہیں تو ان کے یہ ریزلٹس تھے لیکن ہمارے پاس اپنے کوئی پیسے نہیں تھے کہ ہم اس میں ان کو Encourage کرتے So, we have requested to honorable Chief Minister and he has approved our summery اور اب ہم ان کالجز کو، ان سٹوڈنٹس کو، ان سٹوڈنٹس کو خیر ہم پہلے بھی "ستوری د پختونخوا پروگرام" سے ان کو بہت زیادہ پیسے دے رہے ہیں انعام کے طور پر، لیکن اب سٹاف کو بھی اور کالج کو بھی اس سے انعام ملے گا، پرائز ملے گا۔ اس سے ان میں اور Encouragement ہو گی اور ساتھ ہی جناب سپیکر! ہم نے پرنسپلز کو، یہ ایک ایسی بڑی پوسٹ ہے کہ کوئی اس پر Same salary میں آنا نہیں چاہتا، تو ہم نے اس کیلئے پروپوزل بنا لی ہے اور فنڈز ہمارے پاس آ گئے ہیں، ہم پرنسپل کو بھی الاؤنس دیں گے، Handsome allowance ہو گا، کوئی پچیس سے لیکر پچاس ہزار روپے کے اندر اندر، تاکہ جو بھی پرنسپل ہو، اس کو فرق محسوس ہو کہ اس کو کوئی اضافی پیسے مل رہے ہیں، کوئی وہ کام اضافی کر رہے ہیں، ان کی حوصلہ افزائی ہو تو اس طرح ہم اپنے ہائیر ایجوکیشن کے اندر کوالٹی، بابک صاحب! ہم "کوالٹی ایشورنس یونٹ" قائم کر رہے ہیں، یہ بڑا زبردست یونٹ ہو گا جو پورے ہائیر ایجوکیشن کے اندر کوالٹی کو Assure کرے گا، اس کا بھی ماڈل تیار ہو گیا ہے، اس کے بھی پیسے ہمارے پاس موجود ہیں، اب صرف فائنل پر ہمارا خیال تھا، یہ ہم جون میں کریں گے اور ابھی جون کے بعد یہ دونوں چیزیں جو ہیں "کوالٹی ایشورنس یونٹ" پلس "اٹانومی آف دی کالجز"، یہ ہم کر لیں گے اور پھر ایک آخری بات کہ ہم نے، بلکہ دو باتیں میں اور کروں گا کہ ایک تو ہم نے بی ایس پروگرام جو ہے چھتیس کالجوں میں اب تک چل رہا تھا اور اب سال کے End تک ہم سو کالجز کر لیں گے اور اگلے سال کے End تک ان شاء اللہ Two hundred colleges میں ہم اس کو کر لیں گے، پورا 'فیز وائز' ہم نے اس کا پلان بنایا ہوا ہے اور اسی کے مطابق گورنمنٹ سے ہمیں پیسے مل رہے ہیں، جیسے جیسے ہم ڈیمانڈ کر رہے ہیں، اس کا سارا اپنا ہی ایک سسٹم ہے، چونکہ ہمیں اب مشکلات یہ آ رہی ہیں کہ جہاں پر بی ایس ہے وہاں پر انٹرمیڈیٹ کلاسز پہلے سے چل رہی ہیں، وہاں پر بی اے بھی ہے، ایم اے ایم ایس سی بھی ہے، تو ہم نے 'فیز وائز' بی اے، ایم اے کو Fizzle out کرنا ہے کالجز سے اور اس کی جگہ بی ایس کو Replace کرنا ہے اور اس میں انٹرمیڈیٹ کو بھی ہم نے ختم کر کے Gradually سیکنڈری ایجوکیشن ان کے

حوالے کرنا ہے۔ چونکہ یہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کامینڈیٹ ہے، انٹرمیڈیٹ کے ہائیر سیکنڈری سکولز ہیں تو وہ ادھر جب چلے جائیں گے تو ہمارے کالجز میں اور سپیس نکل آئے گا، ہم اور زیادہ بی ایس کے پروگرام جو ہیں کالجوں میں شروع کریں گے اور یہ بھی پورے پاکستان میں ہم 'لیڈ' لے رہے ہیں بابک صاحب! (تالیاں) 2018 میں ایچ ای سی نے یہ کہہ دیا کہ بی ایس کے علاوہ کوئی سسٹم نہیں ہوگا، لہذا ہم اس کے مطابق چل رہے ہیں، پنجاب نے شروع کرکے پھر ختم کردیا ہے، بی ایس ایک طرح Default system ہوتا ہے، اس کیلئے لیکچررز مہیا کرنا ذرا مشکل ہوتا ہے تو اس لئے وہ اس پر ابھی تک کھڑے نہیں ہوسکے لیکن ہم کھڑے ہیں اور اس میں مجھے یہ خوشی ہے کہ چیف منسٹر صاحب نے کئی دفعہ، پتہ نہیں ان کو کون جاکر یہ بتاتا رہتا ہے بی ایس کے بارے میں، لیکن کئی دفعہ انہوں نے اس میں اپنا Interest show کیا ہے اور ہمیں کہا ہے کہ جو بھی آپ کو اس کیلئے وسائل چاہئیں، وہ لیں اور اس کو کرلیں۔ چونکہ دنیا میں اب ضرورت ہی بی ایس کی ہے، ایم اے کو کوئی پوچھے گا ہی نہیں، ایم اے/ایم ایس سی کو، So we are doing that اور اس کے علاوہ ایک اور چیز میں Miss کر گیا، بابک صاحب نے کچھ کہا تھا بی ایس کے علاوہ، ہاں، آن لائن ایڈمشنز، آپ کو پتہ ہے کہ یہاں آپ کے گورنمنٹ کالج پشاور میں بیس بیس، چالیس چالیس ہزار میں سیٹ بکتی تھی انٹرمیڈیٹ کی اور یہاں دوسرے سٹوڈنٹس آجاتے تھے اور وہ کلرک وغیرہ، اس میں بڑی پولیٹیکل گیمز بھی ہوتی تھیں اور پولیٹیکل پارٹیاں اپنے لوگوں کو وہ سیٹیں دے دیتی تھیں، اپنے سٹوڈنٹس کو وہ ایڈجسٹ کرلیتی تھیں، وہ آگے سے بکتی تھیں۔ ہم نے پہلے چھتیس کالجوں میں آن لائن ایڈمیشن کیا، پچھلے سال بہت ہی Successful رہا، اس سال ہم Hundred percent admissions اپنے کالجوں میں آن لائن کریں گے، (تالیاں) کسی کو کالج جاکے داخلہ فارم بھرنے کی ضرورت نہیں ہوگی، نیٹ کو Use کرتے ہوئے وہ فارم بھرے گا، نیٹ ہی ان کے پیپرز کو بھی Verify کرے گا اور پھر نیٹ ہی ان کی میرٹ لسٹ جنریٹ کرے گا اور میرٹ لسٹ آنے کے بعد پھر وہ سٹوڈنٹ کالج جائے گا، جاکر اپنی جو Fee ہے یا جو چیز ہے، وہ ادا کرے گا۔ لہذا یہ انقلابی اقدامات ہم نے جناب کئے ہیں ہائیر ایجوکیشن میں اور میں پہلے بھی آپ کو بتاچکا ہوں کہ ہم نے ہائیر ایجوکیشن میں For all the degree programs، ہم نے جو معذور افراد ہیں، یلئے Physically handicaped، ان کیلئے ہم نے Higher Education degrees in colleges and in universities، ہم نے Already free کردی ہیں، ان کیلئے ہم Ramps بنا

رہے ہیں کالجز میں، ان کیلئے ٹائیلٹس بنا رہے ہیں اس طرح کی یونیورسٹیز میں تاکہ جو معذور افراد ہیں، Special people کسی طرح ان کو دشواری نہ ہو اور ساتھ ہی ہم نے خواتین کیلئے ہر قسم کے ڈگری پروگرام میں ہماری حکومت کے اندر ہم نے Upper age limit wave off کر دی ہے، کسی بھی عمر کی خاتون کوئی بھی ڈگری پروگرام میں اگر وہ میرٹ پہ آتی ہے، تو وہ اس میں حصہ لے سکتی ہے۔ تھینک یو ویری مچ، اور میں گزارش کرتا ہوں بابک صاحب سے اور اپنے بھائی سے کہ وہ اپنی موشن کو۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: بہت اچھا جی، میرے خیال میں بہت ڈیٹیل میں بات کی ہے، بابک صاحب آپ نے ایک بات کی ہے، میں آپ سے بھی ایک بات کرنا چاہتا ہوں، میں صرف آپ سے بات کرنا چاہتا ہوں، میرا یہ تھا کہ یہ جو آپ نے صوابی یونیورسٹی کی بات کی ہے تو صوابی یونیورسٹی میں کیمپس بنا تھا، یونیورسٹی نہیں بنی تھی، ہم جب آئے تو تب، ابھی تک ان بیچاروں کے پاس کوئی پیسہ بھی نہیں تھا، وہ میڈم میرے پاس آئیں، انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس تو تیس چالیس لاکھ روپے ہیں باقی نہیں ہیں تو میں صرف آپ کو یہ گلہ کرنا چاہتا تھا کہ ہمارا یہ۔۔۔۔۔

<u>جناب سردار حسین</u>: یہ سارا بالکل، سپیکر صاحب! میرے خیال میں یہ سارا ریکارڈ پہ رہتا ہے، میرے کوسچن بڑے سمپل تھے، منسٹر صاحب نے بڑی لمبی چوڑی تقریر کی اور مجھے کبھی کبھی ہنسی بھی آجاتی ہے، جب لوگ موٹروے بناتے ہیں تو ادھر سے Statement چلی جاتی ہے کہ بھئی موٹروے سے ترقی نہیں آتی، جب اسلام آباد میں میٹرو بس بنتی ہے تو جنگلا بس سے بھئی ترقی نہیں آتی، جب یہاں پہ میں نے سمپل کوسچن کیا تھا کہ اے این پی نے سترہ کا نمبر سکور کیا تھا Seventeen number campuses plus universities، تحریک انصاف نے تبدیلی کے نام پہ ووٹ لئے ہیں، آیا منسٹر صاحب بتائیں، جس طرح انہوں نے بتایا کہ سکول میں اے این پی نے یونیورسٹی بنائی تھی جگہ کا نام بتائیں؟ عوامی نیشنل پارٹی نے پانچ ہزار کنال زمین تعلیمی اداروں کیلئے خریدی ہے، یہ ریکارڈ پہ ہے، تحریک انصاف کی حکومت اسی کل پانچ ہزار کنال زمین پر کہیں ایک جگہ کٹوتی کرتی ہے، کبھی دوسری جگہ کٹوتی کرتی ہے، کہیں پہ سٹیڈیم بنا رہے ہیں، کہیں پہ کوئی اور چیزیں، پانچ ہزار کنال زمین ہم نے خریدی ہے، پانچ ہزار، یہ اس طرح کام نہیں بنے گا، سوالوں کا جواب دینا پڑے گا، چار سال ہوگئے ہیں، منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ کالجز ساڑھے تین سو تک پہنچ جائیں گے، ہاں مجھے پتہ ہے، آپ بتائیں 2013ء میں آپ کی حکومت آئی ہے، آپ کی حکومت میں کوئی ٹینڈر ہوا ہے، ایک کالج کا نام مجھے بتائیں جو کمپلیٹ ہوا ہو، ایک کالج کا 2013ء سے لے کر

2017 تک؟ ساڑھے تین سو آپ چھوڑیں، وہ تو ایم ایم اے دور کے ہیں، وہ تو اے این پی دور کے ہیں، بالکل صوبے میں پہنچ جائیں گے، منسٹر صاحب! آپ یہ بتائیں، آپ قوم کو بتائیں، جب ہم یہ گلہ کرتے ہیں کہ لوگ پڑھتے نہیں ہیں، جب ہم یہ گلہ کرتے ہیں کہ Dropout ratio میں اضافہ ہو رہا ہے، جب ہم یہ گلہ کر رہے ہیں کہ ہائیر ایجوکیشن میں Ratio کم ہے، Less ہے تو جب Accessibility نہیں ہے، جب مواقع نہیں ہیں تو لوگ فنڈ نہیں دیتے، آؤٹ آف سکول جو ہمارے سٹوڈنٹس رہتے ہیں، آؤٹ آف ایجوکیشن انسٹیٹیوٹ جو ہمارے سٹوڈنٹس رہتے ہیں، ان کو اندر کس طرح لائیں گے؟ تو میرا سوال جو تھا بڑا سمپل تھا اور جواب بھی دیں کہ آیا آپ Seventeen کے فگر کو کراس کرو گے یا نہیں کرو گے؟ جب آپ کراس کرو گے تو پہلے میں مانوں گا کہ واقعی تبدیلی آگئی ہے، اگر آپ لوگ ویسے ہی الزامات لگاؤ گے تو پھر اس سے تو کام نہیں چلے گا۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی، مشتاق غنی۔

<u>معاون خصوصی برائے اعلیٰ وزیر تعلیم:</u> جناب سپیکر! ہم نے الزامات نہیں لگائے، آپ کا تعلق خود صوابی سے ہے اور وہاں جو یونیورسٹی تھی، وہ کس بلڈنگ میں تھی، کوئی کالج ہے پرانا سا یا سکول تھا یا کوئی جو بھی تھا۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، وہ Basically پی ٹی سی ٹریننگ سکول تھا۔

<u>معاون خصوصی برائے اعلیٰ وزیر تعلیم:</u> اچھا، وہ پی ٹی سی ٹریننگ سکول تھا، ہری پور میں جو یونیورسٹی بنائی گئی ہے، وہ جنگل کی ایک فیکٹری میں بنائی گئی تھی اور ہم نے اس کے اوپر ابھی اتنی عالیشان بلڈنگ بنائی ہے، بابک صاحب کو لے جا کر ہم وزٹ کرانے کو تیار ہیں، تیمرگرہ میں سکول میں برانچ تھی، یہ باتیں ریکارڈ کی ہیں جناب، یہ پوشیدہ نہیں ہیں اور جو باتیں میں کہہ رہا ہوں وہ میں Prove کرتا ہوں آپ کو، لیکن بہرکیف میرے کہنے کا مقصد صرف یہ تھا اپنی گورنمنٹ کی Determination show کرنے کیلئے کہ ہمیں جیسی بھی چیزیں وراثت میں ملیں، ہم نے ان کو بہتر کرنے کی کوشش کی ہے، ہم نے ان کیلئے Funding arrange کی ہے، ہم نے ان کیلئے انفراسٹرکچر Arrange کیا ہے، ہمیں تو جو آپ نے کالجز دیئے تھے، ان میں کوئی بارہ، تیرہ سو لیکچرر ہی شارٹ تھے، ہم نے ان کو پھر ٹیچنگ اسسٹنٹ کے طور پہ بھرتی کر کے اور اس طرح ایلیمنٹری والوں کا اپنا بتاتے، وہاں تو ہزاروں کی تعداد میں شارٹ تھے، لہذا ہماری جو نمبر ون Priorities ہیں، وہ ہیلتھ ہے اور ایجوکیشن ہے، یہی ہماری میٹرو ہے، یہی ہمارے میگا

پراجیکٹس ہیں، انہی پہ ہم نے توجہ دی ہے اور ان سے اب فارغ ہو کر ہم باقی سڑکیں، یہ نہیں کہ ہم سڑکوں کو بھول گئے ہیں، ہم نے وہ بھی، لیکن Priorities ہوتی ہیں ہر گورنمنٹ کی، ہماری Priority یہ تھی، اکیس لاکھ بچوں کو زمین سے اٹھا کر کرسی کے اوپر بٹھانا، پندرہ سولہ لاکھ کو بٹھا دیا تو یہ پیسے لگ رہے ہیں، So at the same time خواہ یونیورسٹیوں پہ ہو رہا ہے، کالجز میں ہو رہا ہے، پرائمری سکولز ہیں، ہائیر سکینڈری سب تعلیم جو ہے، سب کے اوپر اس گورنمنٹ نے بھرپور توجہ دی ہے اور اللہ کا شکر ہے کہ آج آپ کو میں کالجز کا بھی دیٹا دوں گا، پرائیویٹ کا عاطف خان دیں گے کہ ابھی پچھلے سال تک 33 ہزار لوگ پرائیویٹ سکولوں کو چھوڑ کر آ گئے تھے، یہ ابھی لاکھ تک ان کا فگر پہنچ رہا ہے اور ہم نے جو ایک Rough assessment دی ہے، ہائیر ایجوکیشن کالجز میں کوئی تیس پینتیس ہزار ہماری تعداد بھی پرائیویٹ سکولوں سے کالجوں سے نکل کر آ گئی ہے (تالیاں) لیکن اس کی ڈیٹیل ابھی میرے پاس نہیں ہے، ابھی میں اس کو چیک کر کے دوں گا۔ جیسے میں نے عرض کیا سپیکر صاحب! کہ یہ مجھے کوئی بتائے کہ کس دور میں کتنی پوزیشنیں آتی رہی ہیں، سرکاری کالجوں میں یا سکولوں میں؟ آج اللہ کا شکر ہے میں آپ کے سامنے کہہ رہا ہوں کہ دو سو پندرہ پوزیشنیں ہمارے کالجوں کی آئی ہیں ٹاپ ٹونٹی میں، تو یہ ہمارے لئے ایک اعزاز کی بات ہے And thankful to my college staff peoples کہ جو کام کر رہے ہیں، کام اگر نہیں بھی کرتے تھے تو اس حکومت کو دیکھ کے انہوں نے کام کرنا شروع کر دیا ہے اور جس کے رزلٹ آ رہے ہیں، میری درخواست ہے کہ اپنی موشن کو واپس لے لیں۔

<u>Mr Speaker</u>: Withdrawn?

<u>جناب سردار حسین</u>: واپس لیتا ہوں۔

<u>Mr. Speaker:</u> Since all the cut motions on Demand No. 12 are withdrawn, therefore, the question before the House is that a sum not exceeding Rs. 160 only, may be granted to the Provicial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2017, in respect of Higher Education & Libraries? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The ‘Ayes’ have it. Demand is granted. Demand No. 13, honourable Senior Minister for Health, Atif Khan, you.

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم) (وزیر صحت کی جانب سے): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ چھ ارب 14 کروڑ 89 لاکھ 79 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دی جائے جو کہ 30 جون 2017 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران صحت کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs 6 billion 14 crore 89 lac 79 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June 2019, in respect of Health.

Cut motions on Demand No. 13: Mr. Saleh Muhammad (not present, lapsed). Madam Amna Sardar (lapsed), Mian Zia ur Rehman Sahib.

میاں ضیاء الرحمان: جی سپیکر صاحب! میں دس روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: صاحبزادہ ثناء اللہ!

صاحبزادہ ثناء اللہ: میں پانچ ہزار روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Sardar Aurangzeb Nalotha, lapsed. Raja Faisal Zaman, lapsed. Syed Jafar Shah, lapsed. Mr. Fakhr e Azam Wazir.

جناب فخر اعظم وزیر: جناب سپیکر، میں دو روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

(قہقہے)

جناب شہرام خان (سینیئر وزیر صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی): د دوو روپو نوټ هم ختم دے۔

(قہقہے)

Mr. Speaker: Mr. Mehmood Ahmad Khan, lapsed. Mr. Sheeraz Khan, lapsed.

سینیئر وزیر صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی: نوټ ئے هم ختم دے سپیکر صاحب، ولا لله۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: سردار حسین بابک، مسٹر سردار حسین بابک۔

جناب سردار حسین: میں ایک ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: مسٹر ضیاء الرحمن صاحب!

میاں ضیاء الرحمان: بہت شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ شہرام صاحب ہمارے انتہائی قابل قدر ہیں اور یقیناً یہ کٹ موشن ہم واپس لیں گے لیکن میرا ایک دیرینہ مسئلہ تھا جس میں سپیکر صاحب! آپ کا بھی بڑا رول ہے اور وزیر اعلیٰ صاحب کی بھی خصوصی مہربانی ہے اور اسی طرح شہرام خان صاحب کی بھی، اللہ تعالیٰ انہیں اور عزت دے، بڑا تعاون ہے اور اپنے بھائی اکبر ایوب خان صاحب کا بھی میں ذکر کروں گا کہ آج تک بالاکوٹ اتنا بڑا علاقہ ہے، لاکھوں کی اس کی آبادی ہے، تحصیل بالاکوٹ اور ہمارا وہاں پہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال موجود نہیں تھا اور یہ بھی بتاؤں کہ میرے والد صاحب دو دفعہ ایم پی اے بنے اور وہ بنا رہے تھے لیکن اراضی کی وجہ سے یہ ہمارا ہاسپیٹل نہیں بن سکا تھا لیکن اس گورنمنٹ کا قیام عمل میں آتے ہی تقریباً دس کنال کی بالاکوٹ کے قلب میں اراضی تھی سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کی، تو یوسف ایوب خان صاحب، اللہ انہیں عزت دے اور اکبر ایوب خان صاحب نے بڑا تعاون کیا اور وہ دس کنال جو اراضی تھی سی اینڈ ڈبلیو کی، وہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے نام منتقل کی اور پھر تقریباً 15-2014 کی اے ڈی پی میں سی ایم صاحب نے اور اسی طرح ہمارے ہیلتھ منسٹر صاحب نے اس کیلئے اس وقت تقریباً پانچ سو ملین روپے رکھے گئے تھے لیکن سپیکر صاحب! بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ ابھی تک اس کا کام شروع نہیں ہو سکا اور درمیان میں ایک مسئلہ اور بن گیا کہ اعتراض لگا دیا کہ یہ تو زلزلہ زدہ علاقہ ہے اور ریڈ زون ہے کیونکہ آپ کو پتہ ہے، ایک فرضی ریڈ زون ڈکلیئر کیا گیا تھا، اب حیرانگی کی بات یہ ہے سپیکر صاحب! کہ لاکھوں کی آبادی وہاں پہ موجود ہے، وہ تو کہیں بھی نہیں گئی ہے اور حادثے بھی ہو رہے ہیں، اموات بھی ہو رہی ہیں، بیماریاں بھی ہیں اور دنیا کا سب کام انسانوں کیلئے ہوتا ہے اور ہسپتال جو ہے یہ اعتراض لگا کے اور پھر سی ایم صاحب نے اور اسی طرح شہرام صاحب نے بڑا تعاون کیا، اکبر ایوب صاحب نے، سی ایم صاحب نے انہیں کہا کہ آپ میاں صاحب سے مل کر اس معاملے کو حل کریں تو انہوں نے پھر اس کا نقشہ بھی چینج کیا اور نئے نقشے کے مطابق ٹینڈر بھی ہو گیا لیکن سپیکر صاحب! یہ اس حکومت کی ایک بہت بڑی قربانی ہے، بالاکوٹ کے عوام کیلئے سی ایم صاحب کی بھی اور تمام کابینہ کی بھی، چونکہ سب میرے بھائی ہیں اور میرے ساتھ بڑا تعاون کیا ہے اور شہرام صاحب نے بھی، لیکن اگر اس کیلئے کوئی خاطر خواہ پیسے نہ رکھے گئے تو آئندہ آنے والی کوئی گورنمنٹ بھی اسے 'رول بیک' کر دے گی اور آپ کی یہ قربانی رائیگاں ہو جائے گی۔ تو میری درخواست ہے کہ آپ کی وساطت سے ایک ہمارا بڑا مسئلہ حل ہوا ہے تو اس بجٹ میں اس کیلئے خاطر خواہ ایک رقم رکھی جائے تاکہ اس منصوبے کا آغاز ہو جائے اور اللہ کرے اپنے وقت پر یہ کمپلیٹ بھی

ہو جائے، یہ آپ کی بہت بڑی قربانی ہے لیکن اس کیلئے فنڈ نہ ہوا تو یہ منصوبہ ضائع ہو جائے گا۔ بہت شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> بہت شکریہ۔ جی گوہر نواز صاحب! آپ کا بنتا تو نہیں ہے، آپ نے کوئی وہ۔

<u>جناب گوہر نواز:</u> سر! یہ میرے علاقے کا مسئلہ ہے، میں اس پہ تھوڑی بات کرنا چاہتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> اچھا اچھا۔ چلو اس میں، میں آپ کو۔

<u>جناب گوہر نواز:</u> شکریہ، جناب سپیکر۔ آپ کی مہربانی، واقعی میرا حق نہیں بنتا تھا لیکن جس طرح میاں صاحب نے بات کی، مجھے بھی اپنے حلقے کے عوام کی آواز ایوان کے اندر سی ایم صاحب تک اور شہرام بھائی تک پہنچانی ہے۔ میرے حلقہ انتخاب اور کھلابٹ ٹاؤن شپ کے اندر ایک سی ٹائپ ہاسپیٹل ہے، آج دس سال ہوئے ہیں، جب وہ کمپلیٹ ہونے لگا تھا تو اس وقت کی گورنمنٹ نے فنڈ کی کمی کی بناء پر یا کسی بھی وجہ سے اس کا جو کام تھا، وہ روک دیا۔ ابھی ہم اس کی پوسٹیں سینکشن کروانے کیلئے آتے ہیں تو کہا جاتا ہے کہ ابھی ہاسپیٹل کی ' ہینڈنگ / ٹیکنگ ' نہیں ہوئی، تو میں اس ایوان میں آپ کے توسط سے سی ایم صاحب کے روبرو یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ مہربانی کر کے اس کیلئے بھی حکم صادر فرمایا جائے اور ساتھ ہی ایک چھوٹی سی بات میں ضرور کرنا چاہوں گا اس ایوان کے اندر کہ چند دن پہلے ہمارے ہری پور کے اندر ایک صحافی کا بہیمانہ قتل ہوا اور اس پر اس ایوان کے اندر دعائے خیر بھی کی گئی، اس کیلئے دعا بھی کی گئی لیکن میں اپنے انفارمیشن منسٹر کے ذریعے اپنے وزیر اعلیٰ صاحب سے یہ گزارش کروں گا کہ شہداء پیکج جو رکھا گیا تھا تمام صحافی بھائیوں کیلئے، اب اگر وہ اس ملک کی خدمت کرتے ہوئے ایک ستون ہے ہمارے ملک کا، صحافی برادری، اگر اس کو اس شہداء پیکج سے اس کے بچوں کیلئے جو واحد کفیل تھا اپنے خاندان کا، اس کیلئے اگر یہ امداد کی جائے تو میں سمجھتا ہوں یہ بہت بڑی ہمارے لئے بات ہو گی۔ بہت شکریہ، مہربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ۔ جناب سردار حسین بابک!

<u>جناب فخر اعظم وزیر:</u> میرا نمبر تھا جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> سوری، چلو موقع دیتے ہیں آپ کو اس کے بعد۔

<u>جناب سردار حسین:</u> شکریہ، سپیکر صاحب۔ منسٹر صاحب سے یہی ریکویسٹ ہے کہ باقی ایمپلائز تو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے جتنے ایڈہاک اور کنٹریکٹ تھے، وہ تقریباً Permanent ہو چکے ہیں، Regularized ہو چکے ہیں، ایم این سی ایچ کے حوالے سے اگر وہ نوٹ فرمالیں اور ایم این سی ایچ کے جو ملازمین ہیں، جو

ایمپلائز ہیں، وہ اگر Permanent ہو سکیں تو میرے خیال میں بڑا اچھا رہے گا۔ دوسری بات میں نوٹس میں لانا چاہتا ہوں منسٹر صاحب کے، ہم یہاں پر اکثر سنتے ہیں کہ کرپشن ختم ہو گئی ہے، ہم بھی شکر کرتے ہیں کہ شکر ہے کہ کرپشن ختم ہو گئی ہے، کل بھی میں نے یہاں پر سنا تھا کہ جو ٹھیکے ہیں، پہلے تو بس جس کی مرضی ان کو دے دیئے جاتے تھے تو میں نے کہا چلیں آج ایک مثال دے دیتا ہوں تاکہ اس کی انکوائری بھی ہو اور مجھے یقین ہے، میں ان کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں صرف اس وجہ سے کہ شاید آپ کے نوٹس میں نہ ہو اور مجھے پورا پورا یقین ہے کہ ان شاء اللہ آپ کے نوٹس میں یہ آئے گا تو آپ انکوائری کا آرڈر کریں گے، لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں کارڈیالوجی بلاک میں کچھ دنوں پہلے ایک اشتہار آیا اور ظاہر ہے Different firms نے اس میں اپلائی کیا، جو Lowest bidder تھا، اس کو نہیں ملا اور اسی اشتہار میں لکھا گیا تھا کہ جس جس فرم کے خلاف ہسپتال یا ہیلتھ کے حوالے سے کوئی ایشو ہو یا انکوائری ہو، وہ فرم جو ہے وہ Disqualify ہو گی، Unfortunately جس فرم کے خلاف ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی انکوائریاں جاری ہیں اور جو فرم ریٹ وائز بھی Lowest نہیں تھی، اسی فرم کو یہ ٹھیکہ دے دیا گیا، لہذا اس کی انکوائری ہونی چاہیئے اور یہ ایک مثال میں اسی لئے دے رہا ہوں، بہت ساری اور بھی مثالیں ہیں، یہاں پر سپیکر صاحب! خاص کر ہیلتھ میں اور تمام ڈیپارٹمنٹس میں پنجاب سے کنسلٹنٹس آئے ہیں اور وہ کنسلٹنٹس اپنے ساتھ ٹھیکدار لائے ہیں، تو دوسرے ٹاپک کے حوالے سے میں آپ کو Written بھی دے سکتا ہوں لیکن اس ایک چیز کی انکوائری جو ہے وہ ضرور ہونی چاہیئے تاکہ پتہ چلے کہ واقعی ٹرانسپیرنسی ہے، کرپشن ختم ہو گئی ہے، چیزیں میرٹ پر ہو رہی ہیں کہ نہیں؟ ساری چیزیں جو ہیں اس سے ہٹ کر ہو رہی ہیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: فخر اعظم وزیر۔

<u>جناب فخر اعظم وزیر</u>: سپیکر صاحب! میں اپنے حلقے کے حوالے سے بات کروں گا، موجودہ گورنمنٹ نے صحت کے حوالے سے کافی دعوے کئے ہیں اور اس سلسلے میں ان کے مطابق وہ Efforts بھی کر رہے ہیں اور ایم ٹی آئی جیسا قانون بھی انہوں نے نافذ کر دیا ہے لیکن جہاں تک بنوں کا تعلق ہے، بنوں میں دو بڑے ہسپتال ہیں، ایک ڈسٹرکٹ ہسپتال بنوں اور دوسرا خلیفہ گلنواز، تو دونوں ہسپتالوں کے پہلے کی نسبت حالات اور بھی خراب ہو گئے ہیں اور یہ میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ ابھی خلیفہ گلنواز ہسپتال مکمل طور خالی ہو گیا ہے، وہاں کا جو یہ سٹاف ہے، اس میں کمی آ گئی ہے، Equipments کی کمی آ گئی ہے اور

میں کئی مرتبہ ان سوالات کو اور کال اٹینشن کو اس ہاؤس میں لے کر آیا اور مجھے اس ہاؤس میں ہمارے جو منسٹر صاحب ہیں، انہوں نے کہا بھی تھا کہ میں اس سلسلے میں کام بھی کروں گا لیکن ابھی تک اس سلسلے میں کوئی کام نہیں ہوا اور وہ ہسپتالوں کے حالات بہت ہی خراب ہو گئے ہیں تو میری اپنے بھائی سے یہ درخواست ہے کہ خاص طور پر خلیفہ گلنواز اور ڈسٹرکٹ ہسپتال بنوں کی بہتری کیلئے کچھ اقدامات کریں۔

جناب سپیکر: صاحبزادہ ثناء اللہ، صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جہاں تک ہسپتالوں کے ڈاکٹروں کا تعلق ہے تو میں پہلے اس فلور پر کہہ چکا ہوں کہ الحمداللہ ہمارے دیر میں اور میرے حلقے میں تقریباً سارے ہسپتال ڈاکٹروں کے لحاظ سے Fill ہو چکے ہیں، ہم اس پر منسٹر صاحب کے مشکور ہیں لیکن جناب سپیکر صاحب! تقریباً چار پانچ مہینے پہلے جو ڈاکٹرز آئے تھے، اس ایک مہینے میں ابھی ان میں سے تین ڈاکٹروں کو ٹرانسفر کیا گیا ہے۔ میری یہ ریکویسٹ ہے کہ جو ڈاکٹرز وہاں اپوائنٹ کئے گئے ہیں وہ تو ریگولر ہو گئے ہیں، یہ ٹھیک ہے کہ ان کا حق بنتا ہے لیکن جہاں تک خدمت کا تعلق ہے تو کم از کم تین سال کا Tenure ان ڈاکٹروں کو وہاں پر پورا کرنا چاہیئے۔ جناب سپیکر صاحب، د منسٹر صاحب توجو غواړم، منسټر صاحب که لږ، زمونږ په دې وطن کښې يو دا ګاډې چې نوی نوی راغلی ، دا روډونه نوې جوړ شوی وو نو يو کلی ته يو ګاډے تلو نو هغه ګاډے به ګرم شوے وو نو په لار کښې ئے پکښې اوبه اچولې نو هغې يوې سورلئ بلې سورلئی ته وئيل چې مونږ ته وائی چې پيسې راکړئ دا تيل سيزی او پټې پټې پکښې ځان له اوبه اچوی۔ جناب سپيکر صاحب! زما په حلقه کښې واحد يو هسپتال دے چې هغه کيټيګری ډی دے او زما خيال دے چې په ديکښې سی ايم صاحب مهربانی کړې وه، هغوی پکښې ډائريکټيوز هم ايشو کړی وو خو چې کله مونږ لاړ شو، مونږ ورته وايو چې دا راته په اے ډی پی کښې راته شامل کړئ چې د کيټيګری سی شی نو مونږ ته وئيلې کيږی چې يره چې په دې کال کښې نوې سکيمونه نيشته دے اوچې نوې سکيمونه راغلل نو ان شاءالله تعالیٰ ستاسو هسپتال به پکښې شاملوو خو چې بيا کله د اے ډی پی دا کتاب ګورو جناب سپيکر صاحب! نو زما په خيال ما مخکښې هم يو څو هسپتالونه Identify کړی وو چې يره دا د بی ايچ يو نه آر ايچ سی او د آر ايچ سی نه هغه کيټيګری ډی شو، خو دا جی واحد هسپتال دے چې په ديکښې او پی ډی د ټول دير بالا د هسپتالونو نه د ټولو نه زياته ده،

